www.KitaboSunnat.com

تبصرۂ کتب

پروفیسر چوہدری عبدالحفیظ

اشاریہ "تفہیم القرآن"

کتاب "اشاریہ تفہیم القرآن" نظر سے گزری۔ فاضل مرتبین جناب پروفیسر ڈاکٹر خالد علوی صاحب ڈائریکٹر ادارہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور اور آنسہ پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت صاحبہ چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ انہوں نے بجا طور پر اور بروقت اہل علم، ریسرچ سکالرز، قرآن و سنت کے طالب علموں اور دین کا شغف رکھنے والوں کی آواز پر لبیک کہا اور "تفہیم القرآن" کا اشاریہ ترتیب دے کر علمی اضافہ کیا۔

واقعتاً قرآن سے استفادہ کرنے اور خصوصاً "تفہیم القرآن" سے مستفید ہونے کے لئے اشاریہ کی ضرورت ایک مدت سے محسوس کی جارہی تھی مگر اس میں کوئی صاحبِ علم آگے نہ بڑھا حتیٰ کہ "الفضل للمقدم" کے مصداق یہ سعادت فاضل مرتبین کے حصے میں آئی۔ جس کے لئے وہ تمام اہل علم کی طرف سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جزاھما اللہ عنا خیر الجزاء

قبل ازیں تفہیم القرآن کی ہر جلد کے ساتھ اشاریہ موجود تھا لیکن ایک جلد میں پوری کتاب کے مضامین کا اشاریہ موجود نہیں تھا۔ مرتبین کی کاوش نے یہ کمی پوری ہوگئی ہے۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا ابدی پیغام اور بے پناہ علوم کا خزانہ ہے۔ زمانے کی لسان گو کتنی آگے کو بڑھ جائے، تشنگان علم اس چشمۂ صافی سے سیراب ہونے کے لئے بیتاب رہیں گے۔

مرتبین نے اس ضمن میں بھی ریسرچ سکالرز اور طالبان علم کی راہنمائی کا حق ادا کیا ہے کہ "لغات القرآن" "فہارس الفاظ القرآن" "فہارس مضامین القرآن" اور "قرآنی ترجموں کے ساتھ ملحق فہارس" کے اردو ماخذ اور ان کی بیش از بیش معلومات سے "اشاریہ تفہیم القرآن" کو مزید مزین کردیا ہے۔ یہ معلومات ایسی ہیں جن تک عام آدمی کی رسائی نہیں تھی لہٰذا فاضل مرتبین کی اس علمی کاوش کو ہم خراج تحسین پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اس سے قرآن سے شغف رکھنے والوں کا رستہ آسان ہوگیا ہے۔ اس اعتبار سے "اشاریہ تفہیم القرآن" کی علمی قیمت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔ یہ مفید علمی اضافہ فاضل مرتبین کے علم و فضل اور اس میدان میں ان کی دسترس کا بیّن ثبوت ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ "اشاریہ تفہیم القرآن" دین اسلام کا علم حاصل کرنے والوں اور خصوصاً قرآن و سنت کے ہر طالب علم کے پیش نظر رہنی چاہیے۔ دعا ہے کہ اللہ مرتبین کے لئے اسے توشہ آخرت بنائے اور اہل اسلام کو اس سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد!

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ